13926-آپریشن کے ذریعہ چور کا کٹا ہوا ہاتھ دوبارہ لگانا

سوال

چور کا ہاتھ کاٹنے کی سزا نافذ ہونے کی صورت میں کیا مجرم کو حق حاصل ہے کہ آپریشن کے ذریعہ اس کا دوبارہ ہاتھ جوڑ دیا جائے ؟

پسندیدہ جواب

چور کو کٹا ہوا ہاتھ دوبارہ جوڑنے کا
حق حاصل نہیں، کیونکہ اس طرح جرم کی سزا کی نشانی ختم ہو جاتی ہے، اور اس کے نتیجہ
میں عبرت و نصیحت وغیرہ کے معانی میں کمزوری پیدا ہو جائیگی، اور پھر یہ کمال جزاء
اور عبرت کے بھی منافی ہے.

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{اور چور کرنے والے مرد اور چوری
کرنے والی عورت کا ہاتھ کاٹ دو، یہ ان کے اعمال کا بدلہ اور جزا اور اللہ تعالی کی
جانب سے عبرت ہے، اور اللہ تعالی غالب و حکمت والا ہے}. المآئدۃ (38).